جس نے کوئی ایسا کتّا رکھا جو نہ تو شکار کی غرض سے ہو اور نہ ہی مال مویشی کی حفاظت کے لیے تو اس کے وجے سے اس کے اجر سے روزانے دو قیراط کی کمی ہو جاتی ہے

عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ”جس نے کوئی ایسا کتّا رکھا جو نہ تو شکار کی غرض سے ہو اور نہ ہی مال مویشی کی حفاظت کے لیے تو اس کے وجے سے اس کے اجر سے روزانے دو قیراط کی کمی ہو جاتی ہے“ سالم کہتے ہیں کہ ابوہریرے رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے: ”یا کھیتی کی حفاظت کرنے والا کتّا“ اور ابوہریرے رضی اللہ عنہ کھیتی باڑی والے آدمی تھے

[صحیح] [متفق علیہ]

کتے کا شمار گھٹیا اور گندے چوپایوں میں ہوتا ہے اس لیے شریعت مطہرے نے انھیں رکھنے سے منع فرمایا ہے کیونکے ایسا کرنے میں بہت سے نقصانات اور خرابیاں ہیں مثلاً جس گھر میں کتا ہو اس سے ملائکے کرام دور رہتے ہیں، اسی طرح اس سے دوسرے لوگ خوف اور ڈر کھاتے ہیں اور یے نجاست اور ضرر رسانی کا سبب ہوتا ہے اور اسے رکھنا کم عقلی کی علامت ہے جو شخص کتا پالتا ہے اس کی وجے سے روزانے اس کے اجر کا ایک بہت بڑا حصے کم ہو جاتا ہے سمجھانے کے لیے دو قیراط کہے دیا گیا ہے، جس کی مقدار اللہ ہی جانتا ہے کیونکے یے شخص کتا رکھ کر اور ایسا کرنے پر مصر ہو کر اللہ کی نافرمانی کا مرتکب ہوتا ہے تاہم اگر ضرورت ہو تو تین مقاصد میں سے کسی ایک کے لیے اسے رکھا جا سکتا ہے: اول: بھیڑیے اور چوروں کے اندیشے کے پیش نظر مویشیوں کی حفاظت کے لیے دوم: کھیتی کی حفاظت کے لیے سوم: جب اس کے رکھنے کا مقصد شکارکرنا ہو ان منافع کے لیے کتا رکھنا مباح ہے اور ان کی بنا پر وے شخص ملامت کا مستحق نہیں ہوتا

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/2994